# 3107 - گندے اور فحش میگزینوں کا حکم

**سوال**

ایسے مجلات اور میگزین جاری کرنے جن میں فحش اور گندی عورتوں کی تصاویر ہوں، اور اس میں فلمی اداکاروں اور گانے بجانے والوں کی خبریں ہوں کا حکم کیا ہے ؟
اور ایسےمجلات اور میگزین میں کام کرنا، اور اسے تقسیم کرنے میں معاونت کرنا اور اسے خریدنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

عورتوں کی تصاویر یا پھر زنا و بدکاری اور فحاشی کی دعوت دینے والے اعلانات، یا لواطت اور نشہ آور اشیاء وغیرہ کے اعلانات پر مشتمل میگزین اور مجلات جو باطل کی دعوت دیں جاری کرنا جائز نہیں، اور نہ ہی ان میں کام کرنا، اور نہ ہی اس میں کوئی ارٹیکل لکھنا اور اسے رواج دینا جائز ہے.

کیونکہ اس میں گناہ و برائی اور ظلم و زیادتی میں تعاون اور معاشرے میں شر و فساد اور خرابی کی نشر و اشاعت میں معاونت ہوتی ہے.

اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اور تم نیکی و بھلائی اور تقوی کے کاموں میں ایك دوسرے کا تعاون کرو، اور برائی و شر اور ظلم و زیادتی میں ایك دوسرے کا تعاون مت کرو، یقینا اللہ تعالی بڑی سخت سزا دینے والا ہے .

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جو کوئی ہدایت و بھلائی کی طرف دعوت دیتا ہے تو اسے اس پر عمل کرنے والے کی طرح ہی اجروثواب حاصل ہوتا ہے، اور کسی کے اجروثواب میں کمی نہیں کی جاتی، اور جو کوئی برائی و شر اور گمراہی کی دعوت دیتا ہے تو اسے اس پر عمل کرنے والوں جتنا ہی گناہ ہوتا ہے، اور کسی کے گناہ میں کمی نہیں کی جاتی "

صحیح مسلم حدیث نمبر ( 4831 ).

اور رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا ايك دوسرى حديث ميں فرمان ہے:

" دو قسميں ايسى ہيں جنہيں ميں نے ابھى تك نہيں ديكھا: وہ لوگ جن كے پاس گائے كى دموں جيسے كوڑے ہونگے اور وہ لوگوں كو مارتے پھريں گے، اور وہ عورتيں جنہوں نے لباس تو پہنا ہوا ہو گا ليكن وہ ننگى ہونگى، لوگوں كى طرف مائل ہونے والى اور لوگوں كو اپنى طرف مائل كرنے والى ہونگى، ان كے سر بختى اونٹوں كى طرح ہونگے، وہ جنت ميں داخل نہيں ہونگى اورنہ ہى جنت كى خوشبو پائينگى، حالانكہ جنت كى خوشبو تو اتنى اتنى مسافت سے آ جاتى ہے"

صحيح مسلم حديث نمبر ( 3971 ).

اس موضوع اور معنى كے متعلق احاديث و آيات بہت زيادہ ہيں، اللہ تعالى سے دعا ہے كہ وہ مسلمانوں كو ايسےكام كرنے كى توفيق نصيب فرمائے جن ميں ان خير و صلاح ہے.